© rasailojaraid.com



**اشاریہ افکار مودودیؒ** مرتبہ: انور عباسی۔ ناشر: بک پروموٹرز، مرکز ایف سیون، اسلام آباد۔ صفحات: ۳۷۵۔ قیمت: ۲۲۰ روپے۔

بیسویں صدی کی تاریخ اسلامی فکر و حرکت میں سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ ایک ممتاز اور نمایاں مقام رکھتے ہیں۔ ان کے گہربار قلم نے جدید ذہن میں پیدا شدہ اشکالات کو دور کر کے، قرآن و سنت اور اسلامی روایت کی روشنی میں جس حسن کلام اور حسن دلیل سے کام لیا ہے، وہ اللہ تعالیٰ کا ایک عطیہ ہے۔ سیدی نے سیکڑوں موضوعات پر، ہزاروں صفحات لکھے اور کوئی بات محض لکھنے کے لیے نہیں لکھی، بلکہ ضرورت کے تحت اور مقصد کو ملحوظ رکھ کر پوری ذمہ داری سے لکھی مگر ان کی تحریروں کا کینوس اتنا وسیع اور متنوع ہے کہ کسی خاص موضوع یا مسئلے تک رسائی آسان نہیں ہے۔

تحقیق کاروں اور مطالعہ کرنے والوں کے لیے ایک ایسی کتاب کی ضرورت تھی، جس میں مولانا مودودیؒ کی تحریروں کا باریک بینی سے مطالعہ کر کے، ان کے موضوعات کا ایک جامع اشاریہ بنایا جاتا۔ کم و بیش ایک ہزار موضوعات (آخرت، ابوحنیفہ، اذان، جزیہ، تصوف، شہید، عبدالسلام نیازی، عقل، مجسمہ سازی، معراج، من و سلویٰ، نفسیات، وریا مندر سکیم، یورپ وغیرہ وغیرہ) کے بارے میں قاری جاننا چاہے کہ مولانا نے کس کس موضوع پر، کہاں کہاں، کس کس کتاب میں لکھا ہے تو یہ کتاب قاری کی دستگیری کرتی ہے۔

اشاریہ سازی کے لیے موضوع کا انتخاب یا تحریر میں بیان کردہ نکتے کو اخذ کرنا، جہاں تحریر کے مجرد روپ کی بنیاد پر ممکن ہوتا ہے، وہیں اس کا دارومدار، اشاریہ ساز کی صلاحیت اخذ و فہم اور ذہنی سطح پر بھی ہوتا ہے۔ "اشاریہ افکار مودودیؒ" مرتب کے ذوق، وجدان، معیار اور نظر انتخاب کا آئینہ دار ہے، اور تحقیق و مطالعہ کرنے والوں کے لیے ایک ہدیہ بھی۔ اس میں بعض پہلوؤں سے کمی محسوس ہو سکتی ہے، اور اس کا تعلق بھی ذوق نظر سے ہو سکتا ہے، لیکن اصل چیز تو کسی بڑے اور مشکل منصوبے پر کام کرنا ہے۔ قلمی جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے، انور عباسی نے نقش اول کے طور پر یہ اشاریہ مرتب کیا ہے۔ اب یہ اہل علم اور متلاشیان حق کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس سے استفادہ کریں اور مطالعے میں سہولت پائیں، بلکہ اگر کسی پہلو سے کوئی کمی محسوس کریں یا کوئی مشورہ دینا چاہیں، تو ناشر یا مرتب کو ضرور آگاہ کریں۔

بہرحال یہ کتاب، دینی علوم، احیاے اسلام اور مولانا مودودیؒ کی فکر تک رسائی کی خواہش رکھنے والوں کے لیے ایک بامعنی تحفہ ہے۔ جسے مولانا مودودیؒ کی چھوٹی بڑی تصانیف و مرتبہ کتب کی بنیاد پر تیار کیا گیا ہے۔ یہ اشاریہ، مولانا کی تصانیف کے موجودہ ایڈیشنوں پر مبنی ہے۔ اگر کسی آیندہ ایڈیشن میں کسی کتاب کے صفحات میں تبدیلی یا کمی بیشی ہوگی تو اس کتاب کے لیے، یہ اشاریہ کارآمد نہیں رہے گا --- اس اعتبار سے مولانا مودودیؒ کے ناشرین کو ان کی تصانیف کے معیاری اور مستند ایڈیشن تیار اور شائع کرنے چاہییں۔

(سلیم منصور خالد)

© rasailojaraid.com